© rasailojaraid.com

روڈ، باغبانپورہ لاہور۔

## معارف التجوید

شعبہ تجوید معارف اسلامیہ اکادمی گکھڑ، ضلع گوجرانوالہ کے صدر مدرس قاری حبیب الرحمان ہزاروی صاحب نے زیر نظر کتاب میں تجوید کے مسائل و احکام مرتب کیے ہیں اور فنی مسائل کے ساتھ ساتھ قرآن کریم کی جمع و ترتیب اور قراء عشرہ کے تعارف کے بارے میں مفید معلومات بھی شامل کر دی ہیں۔ تجوید و قراءۃ کے نصاب کے لیے یہ ایک مفید کتاب ہے۔ صفحات ۱۳۰، قیمت درج نہیں، ملنے کا پتہ ندوۃ المعارف گکھڑ، ضلع گوجرانوالہ۔

## نصیر المنطق

یہ فن منطق میں اردو کا ایک مختصر اور جامع رسالہ ہے جو مدرسہ مطلع العلوم بنارس (انڈیا) کے استاذ حضرت مولانا محمد یوسف عباسی پشاوری کی تالیف ہے اور مکتبہ شجاعت خان راحت آباد ڈاک خانہ فارسٹ کالج پشاور کی طرف سے فاضل نوجوان مولانا شمس الرحمان نعمانی نے شائع کیا ہے۔ ستر کے لگ بھگ صفحات کے اس رسالہ کی عام قیمت ۱۴ روپے جبکہ طلبہ کے لیے ۱۲ روپے ہے اور اسے جامعہ مظاہر العلوم جی ٹی روڈ گوجرانوالہ سے طلب کیا جا سکتا ہے۔

## تحریف بائبل بزبان بائبل (حصہ انجیل متی)

مولانا عبد اللطیف مسعود بائبل کے مطالعہ کا خصوصی ذوق رکھتے ہیں اور بائبل ہی کی زبان میں بائبل کے تحریف شدہ ہونے پر مسلسل مقالات و مضامین پیش کرنے کے علاوہ "تحریف بائبل بزبان بائبل" کے عنوان سے تقریباً" ایک ہزار صفحات کی ضخامت پر مشتمل ایک بیش قیمت اور معلوماتی کتاب بھی تالیف کر چکے ہیں۔ یہ کتاب ابھی کتابت کے مرحلہ میں ہے اور اس کا ایک حصہ انہوں نے زیر نظر رسالہ کی صورت میں الگ شائع کیا ہے جس میں انجیل متی کے حوالے سے بائبل کے تضادات اور تحریفات کی نشاندہی کی گئی ہے۔
صفحات ۶۸، ناشر: عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ڈسکہ۔ ملنے کا پتہ: جامع مسجد خضری، ڈسکہ ضلع سیالکوٹ

© rasailojaraid.com